© rasailojaraid.com



بیٹھنے، کھڑے ہونے، اذان سے پہلے یا بعد میں پڑھنے کی کوئی شرط نہیں اور کسی بھی بزرگ کا لکھا ہوا درود پڑھنا سب جائز ہوگا، بدعت نہیں ہوگا۔“

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو درود خود تعلیم فرمائے۔ ان کے الفاظ میں برکت، قوت اور قبولیت یقینی ہے۔ کسی بزرگ کے الفاظ، اشعار، قصیدہ پڑھنے کی ممانعت نہیں لیکن اُسے ایمان سے مشروط کرنا درست نہیں۔ مرتب نے مولانا احمد رضا خاں بریلوی کے معروف سلام کا ذکر بھی کیا ہے۔ وہ بہت اعلیٰ سلام ہے لیکن اذان سے قبل یا بعد اسے مشروط کرنا ان کی ذاتی خواہش ہے۔ خود فاضل بریلوی کے متبعین نے بھی صلوٰۃ وسلام کو اذان سے مشروط کرنے کو درست قرار نہیں دیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں درود شریف پڑھنے کی توفیق عطاء فرمائے اور شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے ہماری مغفرت فرمائے۔ (آمین)

● **تحفظ ختم نبوت، اہمیت اور فضیلت**　　　مرتب: محمد متین خالد

ضخامت: ۳۵۲ صفحات　　قیمت: ۲۰۰ روپے　　ناشر: مرکز سراجیہ، گلی نمبر ۴، اکرم پارک، غالب مارکیٹ، گلبرگ iii لاہور

تقسیم کار: مکتبہ ختم نبوت، ۳۸ غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

جناب محمد متین خالد، محاذِ ختم نبوت کے بہادر سپاہی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں تحریر و تقریر دونوں نعمتوں سے سرفراز فرمایا ہے۔ انھوں نے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور ترویج و اشاعت کے لیے وقف کر رکھا ہے۔

اُن کی زیرِ مطالعہ کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک مضبوط کڑی ہے۔ عقیدۂ ختم نبوت کے عنوان پر اکابر علماء حق کی تحریروں، تقریروں اور مجاہدانہ کارناموں پر مشتمل واقعات اس کتاب کی زینت ہیں۔ انھوں نے سینکڑوں صفحات کے مطالعے کے بعد ایک خوبصورت انتخاب کر کے تحفظ ختم نبوت کے محاذ پر کام کرنے والے کارکنوں کی خدمت میں ایک خوبصورت اور جامع گلدستہ پیش کیا ہے۔ اس حسین تحفے کا ابتدائیہ حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم نے تحریر فرمایا ہے۔ جو کہ محمد متین خالد کی اس محنت پر سند ہے۔ کتاب صوری اور معنوی اعتبار سے لاجواب ہے۔






© rasailojaraid.com